© rasailojaraid.com

# مکتوب بنام چیف ایڈیٹر ''حرمین''

بخدمت جناب رئیس التحریر حافظ عبدالحمید عامر حفظہ اللہ   السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ وبعد۔

ماہنامہ ''حرمین'' جلد نمبر 17 محرم، صفر ۱۴۲۸ھ جنوری، فروری 2007ء شمارہ نمبر 1-2 آج مؤرخہ 21 فروری بروز بدھ موصول ہوا۔ ٹائیٹل دیکھا تو از حد مسرت حاصل ہوئی جب نگاہ بانی جامعہ اثریہ جہلم کے الفاظ پر اس کے نیچے بانی ماہنامہ حرمین پر پڑی تو قلم کی روانی میں ٹھہراؤ آ گیا اور میں بحرِ غم میں ڈوب گیا، میرے دل سے بے اختیار دعا نکلی۔ یا الٰہی! ولی کامل حضرت مولانا حافظ عبدالغفورؒ اور مردِ مومن علامہ محمد مدنیؒ کی قبروں پر رحمت کی برکھا نازل فرما۔ آمین یہ بزرگ آج دنیا میں نہیں رہے مگر ان کے لگائے پودے جن کی آبیاری آپ کر رہے ہیں ابدالآباد تک زندہ و جاوید رہیں گے اور تاریخ میں ان کا نام روشن رہے گا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مزید توفیق عطا فرمائے آمین۔

مجلّہ میں سر فہرست ''فرمان رب العالمین'' اور ''فرمان رحمۃ للعالمین ﷺ''۔ ماہ محرم کے تقاضوں کے مطابق تھے۔ کلمۃ الحرمین میں ''محرم الحرام'' قمری تقویم، کے موضوع پر آپ نے قلم اٹھا کر جن حقائق کو آشکارا کیا دل سے دعا نکلی۔ اللہ کرے زور قلم اور زیادہ آمین۔ امام کعبہ مفتی اعظم الشیخ عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ کے خطبہ حج کا ترجمہ ''امت مسلمہ اپنے اختلافات دور کرے اور روشن خیالی سے بچیں'' نے حرمین کے پرچم کو بلند سے بلند تر کر دیا ہے۔ امیر المؤمنین سیدنا عمر فاروقؓ پر ''قاضی حبیب الرحمٰن منصور پوریؒ'' کا مضمون انتہائی مختصر مگر جامع ہے۔ ''محرم الحرام کے فضائل ومسائل اور صوم عاشوراء'' پر محترم حافظ مبشر حسین لاہوری کا مضمون بھی ماہ محرم میں مسلمانوں کی رہنمائی کیلئے اور بدعات وخرافات سے بچنے کیلئے مشعل راہ ثابت ہوگا۔

فقہی مذاہب کی تاریخ اور ان کے عالم وجود میں آنے کے اسباب'' کے موضوع پر عالم اسلام کے عظیم سکالر محقق، ادیب، دانشور اور مؤرخ حضرت مولانا ''محمد اسحاق بھٹی متعنا اللہ بطول حیاتہٖ'' نے جتنی عرق ریزی اور محنت شاقہ سے انتہائی شگفتہ اور سندر انداز میں تفصیلی طور پر تحریر کیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔ ''قرآن نافہمی کے اسباب اور اس کا حل'' پر الشیخ عبدالرحمٰن کیلانیؒ کی تحریر اسلاف کو یاد رکھنے کا بہترین طریقہ اور ان کی خدمات سے روشنی حاصل کرنے کا ذریعہ بھی اور صدقہ جاریہ کا سلیقہ بھی۔ اس طرح وفیات الاعیان کا تذکرہ بھی اچھی روایت ہے ''مولانا قاری حافظ عبدالخالق رحمانیؒ اور حضرت مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوریؒ کی خدمات جلیلہ پر تذکار بھی اچھی ریت ہے۔ اللہ آپ تمام اخوان کو سلامت رکھے آپ کے جملہ معاونین احباب کو شاداب اور آباد رکھے۔ آمین۔

دعا گو

محمود الحسن غضنفر

رئیس جامعہ محمدیہ چکوال



© rasailojaraid.com